ESKP-09XIII01

رول نمبر ............ دستخط و مہر سپرنٹنڈنٹ ............

# ریاضی (نہم) نئی کتاب

نوٹ: اس پرچہ کی تین سیکشنز ہیں۔ احتیاط سے پڑھ کر دی گئی ہدایات کے مطابق حل کریں۔ سیکشن-الف کے تمام سوالات حل کریں اور مقررہ وقت میں سپرنٹنڈنٹ کے حوالے کریں چاہے آپ نے کوئی بھی سوال حل نہ کیا ہو۔ کاٹے گئے، مٹائے گئے یا دوبارہ لکھے گئے سوال(ات) کے نمبر نہیں ملیں گے۔

## سیکشن-الف

وقت: 20 منٹ                                                                 کل نمبر: 15

1. ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات (الف، ب، ج، د) دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کا انتخاب کر کے جوابی خانے میں لکھیں۔

i. اگر $\log_{64}x=\frac{-5}{6}$ تو x کی قیمت کیا ہوگی؟ [(الف) $\frac{1}{32}$، (ب) 64، (ج) $\frac{1}{8}$، (د) 8] ............ ☐

ii. اگر A ایک مربعی قالب ہے تو $A=A^t$ ایک ............ قالب ہے۔ [(الف) کج تشاکلی، (ب) تشاکلی، (ج) وتری، (د) کوئی نہیں] .. ☐

iii. عام لوگرتھم کا اساس کتنا ہوتا ہے؟ [(الف) 1، (ب) e، (ج) 10، (د) صفر] ............ ☐

iv. $(\sqrt{b})^{1/3}=$ ......... [(الف) b، (ب) $b^{1/3}$، (ج) $b^{1/2}$، (د) $b^{1/6}$] ............ ☐

v. $a^3-b^3$ اور $a^2+ab+b^2$ کا عاد اعظم کیا ہوگا؟ [(الف) $(a+b)$، (ب) $a^2+ab+b^2$، (ج) $a-b$، (د) $(a-b)^2$] ............ ☐

vi. $x^3+8$ اور $x+2$ کا ذواضعاف اقل کیا ہے؟ [(الف) $x+2$، (ب) $x^3+8$، (ج) $(x+2)(x^3+8)$، (د) $x^3+16$] ............ ☐

vii. $\sqrt{x}=-10$ کا حل سیٹ کیا ہوگا؟ [(الف) {100}، (ب) {10}، (ج) {−10}، (د) { }] ............ ☐

viii. $\sqrt{x+3}+2=11$ کس قسم کی مساوات ہے؟ [(الف) یک درجی مساوات، (ب) جذری مساوات، (ج) سہ درجی مساوات، (د) دو درجی مساوات] ............ ☐

ix. نقطہ (3, −4) کونسے ربع میں واقع ہوگا؟ [(الف) پہلے ربع، (ب) دوسرے، (ج) تیسرے، (د) چوتھے] ............ ☐

x. قطعہ خط $\overline{AB}$ جس میں A(3,0) اور B(3,4) ہوں تو AB کا وسطی نقطہ کیا ہوگا؟ [(الف) (3,3)، (ب) (3,2)، (ج) (6,4)، (د) (6,2)] ............ ☐

xi. کسی چوکور کے اندرونی زاویوں کی مقداروں کا مجموعہ کتنا ہوتا ہے؟ [(الف) دو قائمہ زاویے، (ب) چار قائمہ زاویے، (ج) تین قائمہ زاویے، (د) ان میں سے کوئی نہیں] ............ ☐

xii. مساوی الاضلاع مثلث میں تمام اضلاع کے عمودی ناصف ............ ہوتے ہیں؟ [(الف) متماثل، (ب) ہم نقطہ، (ج) زاویوں کے ناصف، (د) یہ تمام درست ہیں] ............ ☐

xiii. ان میں سے کونسی لمبائیاں قائمۃ الزاویہ مثلث کے اضلاع کو ظاہر کرتی ہیں؟ [(الف) 2,3,4، (ب) 3,4,5، (ج) 4,5,6، (د) 5,6,7] .... ☐

xiv. مثلث کے ہم نقطہ ہوتے ہیں۔ [(الف) وسطانیے، (ب) عمودی ناصف، (ج) ارتفاع، (د) یہ تمام] ............ ☐

xv. کسی مثلث میں منفرجہ زاویوں کی تعداد کتنی ہو سکتی ہے؟ [(الف) کم از کم ایک، (ب) زیادہ سے زیادہ ایک، (ج) دو، (د) تعداد بدلتی رہتی ہے] .. ☐

Result.pk